کتاب: حفظ الاسرار بتعلیم سید الابرارؐ　　تالیف: مولانا عبدالباقی حقانی

ترجمہ: مفتی شاہ اورنگ زیب حقانی　　ضخامت۔ ۱۶۰ صفحات　　قیمت: -/۶۰ روپے

ناشر: المکتبہ الحقانیہ للعلوم الشرعیۃ السیاسیۃ پشاور

زیر نظر مختصر کتاب اسرار اور راز کی حفاظت اور اس کے کتمان کے متعلق انتہائی جامع اور نافع کتاب ہے اور ہر لحاظ سے اپنے موضوع پر محتوی جس میں قرآن وحدیث کے حوالہ جات کے علاوہ دیگر علماء وفضلاء ادباء وشعراء اور حکماء کے اقوال جمع کر دیئے گئے ہیں۔ فاضل مؤلف نے ہزار ہا صفحات کا نچوڑ اور مغز اس کتاب میں پیش کیا ہے۔ اور انتہائی عرقریزی وجاں فشانی سے موضوع کے متعلق ایسا مواد فراہم کیا کہ اس پر مزید اضافہ نہیں کیا جاسکتا۔

یہ کتاب دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک کے فاضل اور گوناگوں علمی صفات کے حامل مولانا عبدالباقی حقانی نے پشتو زبان میں لکھی تھی اور ایک خاص پس منظر کے حوالے سے آپ نے اس موضوع پر قلم اٹھایا۔ اپنی افادیت اور موضوع کی اہمیت کی وجہ سے اس کو علمی حلقوں میں کافی پذیرائی حاصل ہوئی۔ اور بہت ہی کم مدت اور انتہائی قلیل عرصہ میں اس کے کئی ایڈیشن ہاتھوں ہاتھ لئے گئے۔ اسی افادیت اور اہمیت کو دیکھ کر یہ تقاضا شدت اختیار کر گیا کہ اس کو اردو زبان کا لباس پہنایا جائے تاکہ اس سے مستفیدین اور مستفیضین کا حلقہ وسیع سے وسیع تر ہو جائے۔ چنانچہ ہمارے محترم فاضل مولانا شاہ اورنگزیب حقانی نے اس کو اردو میں منتقل کیا جو کہ بہت بڑی علمی خدمت ہے کتاب پر ہمارے اکابرین اور بزرگ اساتذہ کی تقاریظ مؤلف اور مترجم دونوں کیلئے سند داد وتحسین ہیں اور اس کتاب کی عنداللہ مقبول ہونے کی واضح دلیل شیخ التفسیر الحدیث مولانا الدکتور سید شیر علی شاہ صاحب مدظلہ اپنی وقیع تقریظ (عربی) میں فرماتے ہیں:......

وجمع المسائل النفیسة ونظم الدرر الفریدة فی سلک التصنیف جهوداً مشکورةِ ماجورة واقتطف ثمرات البحوث القیمة من المصادر الموثوقة. والمراجع المعتده ورتبها ترتیباً انیقاً بملکته القویة الراسخة الخ۔

کتاب کے آخر میں اجتماعی خدمت کرنے والوں کے لئے چالیس احادیث کا انتخاب کیا ہے' حضور ﷺ کی اس حدیث مبارکہ کو مدنظر رکھتے ہوئے۔

من حفظ علی امتی اربعین حدیثا فی امر دینها بعثه الله تعالیٰ فقیها وکنت له یوم القیامة شافعاً وشهیداً۔

بلاشبہ مؤلف نے موضوع کا حق ادا کیا ہے اللہ تعالیٰ اس کتاب کو تمام مسلمانوں کے لئے نافع بنادے۔